# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

58th Year




## کارلوس الکاراز کی 150ویں فتح

ٹینس کی دنیا کے نمبر ون کھلاڑی کارلوس الکاراز نے قطر ایکسن موبیل اوپن میں فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے ہارڈ کورٹ پر اپنی ۱۵۰ویں پروفیشنل جیت مکمل کرلی ہے۔ آسٹریلین اوپن میں تاریخی کامیابی کے بعد اپنا پہلا میچ کھیلتے ہوئے، ۲۲ سالہ ہسپانوی اسٹار نے فرانس کے آرتھر رینڈر کنیک کو سخت مقابلے کے بعد شکست دے کر ٹورنامنٹ کے اگلے مرحلے میں جگہ بنالی۔ (تفصیلات اندر)



## دلشان مدوشنکا متبادل قرار


سری لنکن ٹیم کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اسٹار فاسٹ بولر متھیشا پتھیرانا انجری کے باعث بقیہ ٹورنامنٹ سے باہر ہو گئے ہیں۔ آئی سی سی کی ٹیکنیکل کمیٹی نے ان کی جگہ بائیں ہاتھ کے پیسر دلشان مدوشنکا کو اسکواڈ میں شامل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ سری لنکا کے لیے ایک بڑا نقصان ہے پتھیرانا ڈیتھ اوورز میں ٹیم کا اہم ہتھیار مانے جاتے تھے۔ (تفصیلات اندر)


www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 50 | صفحات : 08 | ۱۹ فروری ۲۰۲۶ بروز جمعرات بمطابق یکم رمضان ۱۴۴۷ | Thursday 19th February 2026 | جلد نمبر 58


## وزیراعلیٰ کی طرف سے 13 مطالبات اور 19 ضمنی مطالبات

### ایوان کی کارروائی کے مطابق مطالبات زر پر بحث آج اور کل جاری رہے گی

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج قانون ساز اسمبلی میں آئندہ مالی سال کے لیے تیرہ مطالبات زر اور انیس ضمنی مطالبات پیش کیے، جنہیں اسپیکر عبدالرشید راٹھور نے باقاعدہ طور پر ایوان کے روبرو بحث کے لیے رکھ دیا۔ وزیر اعلیٰ نے ایوان سے درخواست کرتے ہوئے کہا کہ فہرستِ کاروبار میں درج متعلقہ محکموں کے تحت جس مجموعی رقم کی منظوری مانگی گئی ہے، اسے حکومت کو اس غرض کے لیے عطا کیا جائے کہ مارچ 2027 تک آنے والے سرکاری اخراجات کی ادائیگی میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔ پیش کیے گئے مطالبات زر میں عمومی انتظامیہ، منصوبہ بندی، ترقی، اطلاعات، بجلی، خزانہ، پارلیمانی امور، قانون و انصاف، ریونیو، رہائش، سیاحت، پروٹوکول، املاک، ثقافت اور آفات سے نمٹنے سے متعلق محکمے شامل ہیں جن کی نگرانی براہِ راست وزیر اعلیٰ کے پاس ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وزیر اعلیٰ نے انیس ضمنی مطالبات زر/ 1





## دریائے جہلم پر کانوینٹ اسکول کے قریب نئے پل کی تجویز زیر غور

### 143.89 کروڑ روپے کی ڈی پی آر منظوری کے انتظار میں

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر حکومت نے بدھ کو قانون ساز اسمبلی کو آگاہ کیا کہ سری نگر میں کانوینٹ اسکول اور جنرل پوسٹ آفس کے نزدیک مجوزہ نئے پل کی تعمیر سے متعلق تجویز اس وقت محکمہ تعمیرات عامہ (آر اینڈ بی) کے زیر غور ہے۔ یہ معلومات ایم ایل اے شیخ احسن احمد کی جانب سے پوچھے گئے تحریری سوال کے جواب میں فراہم کی گئیں جنہوں نے پل کی موجودہ صورتحال اور پیش رفت کے بارے میں استفسار کیا تھا۔ حکومت نے بتایا کہ کانوینٹ روڈ (جاگرز پارک) سے ایم اے لنک روڈ تک، اور اس کے بعد روڈ کے راستے دریائے جہلم پر ایک پل/ فلائی اوور کیلئے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ (ڈی پی آر) تیار کر لی گئی ہے۔ ڈی پی آر ضروری تکنیکی و فزیبلٹی سرویز کے بعد تیار کی گئی ہے، جبکہ منصوبے کی مجوزہ لاگت 143.89 کروڑ روپے مقرر کی گئی ہے۔ حکومت نے بتایا کہ یہ رپورٹ مالیاتی منظوری کے لیے فنانس ڈپارٹمنٹ کو ارسال کر/ 3

## LG نے کٹرا میں شری شنکر آچاریہ مندر کا سنگ بنیاد رکھا

### آنے والے برسوں میں شری شنکر آچاریہ مندر لاکھوں عقیدت مندوں کیلئے روحانی مرکز کے طور پر کام کرے گا

کٹرا/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ایک تاریخی سنگ کی نشاندہی کرتے ہوئے کل شری شنکر آچاریہ مندر کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ مندر شری ماتا ویشنو دیوی شرائین کے قریب پہاڑی ٹیلوں پر واقع، یہ منصوبہ دہائیوں بعد حقیقت کا روپ اختیار کر رہا ہے جو پہلی بار 1960 کی دہائی میں تصور کیا گیا تھا۔ مندر کمپلیکس پر کل خرچ جو 31.51 کروڑ روپے ہے، کی مکمل مالی ذمہ داری شری ماتا ویشنو دیوی شرائین بورڈ برداشت کرے گا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اعلان کیا کہ شرائین بورڈ مندر کمپلیکس میں 50 تجارتی دکانیں تعمیر کرے گا جو اُن زمین مالکان کو الاٹ کی جائیں گی جنہوں نے اسے مقدس مقصد کے لئے عطیہ کیا۔ شری ماتا ویشنو دیوی شرائین بورڈ (ایس ایم وِی ڈِی ایس بی) اور متعلقہ زمین مالکان کے درمیان 2025 میں ایک مفاہمت نامہ پر میں دستخط ہوئے جس میں زمین مالکان نے 41 کنال زمین مقدس مقصد کے لئے عطیہ کرنے کی رضامندی ظاہر کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ''آئندہ برسوں میں، شری شنکر آچاریہ مندر لاکھوں عقیدت مندوں کے لئے روحانی مرکز کا کام کرے گا۔ یہ ہندوستان کی دائمی ثقافت، اجتماعیت، مضبوطی اور عمیق روحانی و ثقافتی شعور کی زندہ علامت ہوگا۔'' اُنہوں نے کہا، ''شری ماتا ویشنو دیوی کے درشن کے لئے آنے والے عقیدت مند شری شنکر آچاریہ مندر بھی جائیں گے جس سے خطے میں اِقتصادی سرگرمی میں اِضافہ ہوگا۔ اس آمد سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، مقامی کاروبار مضبوط ہوں گے اور مجموعی خطے کی ترقی میں تازہ توانائی آئے گی۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے کٹرا شہر کے دورے کے دوران روحانی ترقی مرکز میں 'سمردھ ناری، سمردھ بھارت' پروگرام کی صدارت کیا اور اُنہوں نے وہاں ریاسی اور ملحقہ علاقوں کے سیلف ہیلپ گروپوں کی خواتین کاروباریوں سے بات چیت کی۔ اُنہوں نے شری ماتا ویشنو دیوی شرائین بورڈ کے ہر عقیدت مند کے آرام، حفاظت اور وقار کو ترجیح دیتے ہوئے روحانی مراکز کو متحرک رکھنے کے عزم کا/ 2





## لیفٹیننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ کی رمضان کے آغاز پر لوگوں کو مبارکباد

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے رمضان کے مقدس مہینے کے آغاز پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں، لیفٹیننٹ گورنر نے کہا: "رمضان کے مقدس مہینے کے آغاز پر لوگوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد اور نیک خواہشات۔ دعا اور معافی کا یہ وقت ہمیں ضرورت مندوں کی مدد کرنے اور بھائی چارے کے بندھن کو مضبوط کرنے کے لیے رہنمائی کرے، یہ مقدس مہینہ باہمی خیر سگالی، محبت، ہمدردی اور ہم آہنگی کے جذبے کو فروغ دے"۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے آغاز پر جموں و کشمیر کے لوگوں کو اپنی پرتپاک مبارکباد پیش کی۔ اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے رمضان المبارک کی روحانی اہمیت پر زور دیا کہ وہ نظم و ضبط، ہمدردی اور خود شناسی کا وقت ہے۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ اتحاد کے بندھن کو مضبوط کریں، ایک دوسرے کی حمایت کریں، اور باہمی احترام، امن اور ہم آہنگی کی فضا کو فروغ دیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ "اتحاد کا یہ جذبہ ہمارے معاشرے کو مزید مضبوط کرے گا اور جموں و کشمیر میں لچک میں اضافہ کرے گا۔" وزیر اعلیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مومنین کے روزے اور عبادات قبول فرمائے، ان کی دعاؤں کو پورا فرمائے اور خطے کو امن، خوشحالی اور خوشحالی سے نوازے۔

## لال بازار سرینگر میں کل صبح کے وقت دو مکان نذر آتش ہو گئے

### فائر فائٹرس کی بروقت کارروائی سے آگ کو پھیلنے سے روکا گیا

سرینگر/ یو این آئی/ سرینگر کے مصروف علاقے لالبازار میں کل صبح پیش آنے والی آتشزدگی نے مقامی آبادی میں خوف و ہراس پیدا کر دیا۔ صبح تقریباً دس بجے اچانک آگ بھڑک اٹھنے کی اطلاع ملتے ہی فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کو فوری طور پر متحرک کیا گیا۔ محکمے کے ایک سینئر عہدیدار نے بتایا کہ اطلاع موصول ہوتے ہی پانچ فائر ٹینڈروں کو انتہائی تیزی کے ساتھ جائے واردات کی طرف روانہ کیا گیا تاکہ آگ کو مزید پھیلنے سے روکا جا سکے۔ عہدیدار کے مطابق فائر سروس اہلکاروں نے موقع پر پہنچتے ہی ریسکیو اور فائر فائٹنگ آپریشن شروع کیا۔ گنجان آبادی والے اس علاقے میں بظاہر آگ تیزی سے پھیلنے کا خدشہ تھا، تاہم اہلکاروں نے نہایت حکمت عملی اور مستعدی کے ساتھ کارروائی کی۔ کئی گھنٹوں کی مسلسل جدوجہد کے/ 4

## سنفر کتے کی مدد سے بارہمولہ میں شاہراہ پر مشکوک شے

### ایک خصوصی ٹیم نے موقعہ پر بغیر کسی نقصان ناکارہ بنادی/ پولیس

سرینگر/ یو این آئی/ سیکورٹی فورسز نے بدھ کی صبح شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ میں آئی ای ڈی جیسی ایک مشتبہ شئی کو برآمد کیا جس کو بعد میں بغیر کوئی نقصان پہنچائے ناکارہ بنا دیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز نے بدھ کی صبح معمول کی گشت کے دوران سنفر کتے کی مدد سے پٹن کے نزدیک بارہمولہ – سری نگر قومی شاہراہ پر ایک مشتبہ شئی کو دیکھا جس کو ایک بیگ میں چھپایا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس کے فوراً بعد سینئر پولیس افسران، فوج اور ایس ایس بی کے اہلکار جائے موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کو محاصرے میں لے کر روڈ پر گاڑیوں اور عام لوگوں کی نقل و حمل کو بنا بر احتیاط بند کر دیا۔ ان کا کہنا ہے کہ بعد ازاں بم ناکارہ بنانے والی ایک ٹیم نے اس مشتبہ شئی کو بغیر کوئی نقصان پہنچائے ناکارہ بنا دیا جس کے بعد روڈ پر ٹریفک کی نقل و حمل بحال کر دی گئی۔

## جموں و کشمیر میں سیب، زعفران اور دیگر باغاتی فصلوں کے لیے

### نئی انشورنس اسکیم حتمی مرحلے میں داخل، سرکار کا اعلان

جموں/ یو این آئی/ جموں و کشمیر حکومت نے اسمبلی میں پوچھے گئے سوال کے تحریری جواب میں بتایا ہے کہ سیب، زعفران، آم اور لیچی سمیت اہم باغاتی فصلوں کے لیے موسم پر مبنی ری اسٹرکچرڈ فصل انشورنس اسکیم کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور منتخب کمپنیوں کو حتمی منظوری جلد دی جائے گی۔ ایم ایل اے شوکت حسین گنائی کے سوال کے جواب میں محکمہ باغبانی نے بتایا کہ کشمیر میں سیب اور زعفران جب کہ جموں ڈویژن میں آم، لیچی اور ضلع کشتواڑ کا زعفران اس اسکیم کے دائرے میں شامل ہیں۔ حکومت کے مطابق اس اسکیم کو عملی شکل دینے کے لیے مرکزی حکومت کی منظور شدہ انشورنس کمپنیوں سے بولیاں منگوائی گئیں۔ کشمیر کے لیے چار کمپنیوں — اے آئی سی، ٹیٹا اے آئی جی، ریلائنس جنرل اور ایفکو ٹوکیو — نے بولیاں جمع/ 10

## رواں برس زعفران کی پیداوار میں زبردست کمی/ رپورٹ

### کیا واری کے خطہ پانپور میں زعفران کی کاشت گھٹ رہی ہے؟

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر میں رواں برس زعفران کی پیداوار میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 24–2023 میں 23.53 میٹرک ٹن رہنے والی مجموعی پیداوار 25–2024 میں کم ہو کر 19.58 میٹرک ٹن پر پہنچ گئی ہے۔ یہ معلومات قانون ساز اسمبلی میں اُس وقت سامنے آئیں جب نیشنل کانفرنس کے رکن اسمبلی حسنین مسعودی کے سوال کا تحریری جواب نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے پیش کیا۔ جواب میں بتایا گیا کہ زعفران کی کاشت کا رقبہ اس برس بھی پہلے کی طرح 1,116.27 ہیکٹر ہی رہا، تاہم مجموعی پیداوار اور فی ہیکٹر حاصل ہونے والی پیداوار میں مسلسل اتار چڑھاؤ دیکھا گیا۔ سرکاری ریکارڈ کے مطابق 21–2020 میں 17.33 میٹرک ٹن، 22–2021 میں 14.87 میٹرک ٹن، 23–2022 میں 14.94 میٹرک ٹن اور گزشتہ برس 23.53 میٹرک ٹن زعفران پیدا ہوا تھا، لیکن رواں برس اس میں دوبارہ کمی واقع ہوئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق فی ہیکٹر پیداوار/ 7

## جموں و کشمیر میں سول سروس امتحان کی زیادہ سے زیادہ

### عمر میں اضافے پر غور، حکومت نے ایوان کو آگاہ کیا

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر حکومت نے بدھ کے روز قانون ساز اسمبلی میں بتایا کہ ریاستی مشترکہ مقابلہ جاتی امتحان (جے کے سی سی ای) میں امیدواروں کے لیے عمر کی بالائی حد بڑھانے کا معاملہ اس وقت محکمہ عمومی انتظامیہ میں غور و خوض کے مرحلے میں ہے۔ یہ بات حلقہ ہندوارہ کے رکن اسمبلی سجاد غنی لون کی جانب سے پیش کیے گئے کٹ موشن کا جواب دیتے ہوئے وزیر برائے عمومی انتظامیہ نے کہی۔ وزارت کے مطابق اس تجویز کا جائزہ 2018 کے موجودہ قواعد، مجموعی سرکاری ضروریات، کیڈر کے نظم و ضبط اور دیگر علاقوں میں رائج بھرتی کے معیارات کو مدنظر رکھتے ہوئے لیا جا رہا ہے۔ حکومت نے بتایا کہ ایس آر او 103 (سال 2018) کے جاری ہونے سے قبل عام زمرے کے امیدواروں کے لیے عمر کی زیادہ سے زیادہ حد 30 برس تھی، جبکہ درج فہرست ذات، درج فہرست قبائل، پس ماندہ طبقات اور سرکاری ملازمت میں مستقل یا کم از کم تین برس سے عارضی خدمت انجام دینے والے امیدواروں کے لیے یہ حد 32 برس مقرر تھی۔

## جموں و کشمیر کی ریاستی حیثیت کی بحالی میں تاخیر نا قابل قبول/ جاوید رانا

### جو وعدہ کیا گیا تھا وہ اب تک پورا نہ ہونا افسوسناک ہے



جموں/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کابینہ کے وزیر جاوید رانا نے بدھ کے روز ریاستی درجہ کی بحالی میں مسلسل تاخیر پر سخت ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ حد بندی اور انتخابات کے بعد ریاستی حیثیت کی بحالی کا جو وعدہ کیا گیا تھا وہ اب تک پورا نہ ہونا افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس عمل میں بہت دیر ہو چکی ہے اور اب مزید انتظار برداشت نہیں۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے رانا نے کہا، 'یہ معاملہ بہت کھنچ گیا ہے۔ حکومت نے کہا تھا کہ حد بندی اور اسمبلی انتخابات کے بعد جموں و کشمیر کو دوبارہ ریاست بنایا جائے گا۔ انتخابات ہو چکے ہیں، اب اس فیصلے میں دیر نہیں ہونی چاہیے۔' اسی دوران جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی منگل کو کہا کہ ریاستی درجہ کی بحالی کا عمل جاری ہے، لیکن اس میں توقع سے کہیں زیادہ وقت لگا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ شاید اب انتظار زیادہ طویل نہ ہو۔ عمر عبداللہ نے کہا، 'ریاستی حیثیت کی بحالی کا عمل جاری ہے، اگرچہ اس میں تاخیر ہوئی ہے۔ ہم چاہتے تھے کہ یہ قدم اب تک اٹھالیا جاتا، لیکن ہم نے امید نہیں چھوڑی۔/ 11

## جوئنائل ہوم سے تین قیدیوں کے فرار ہونے کے واقعہ کا نیا موڑ

### اب تک کم از کم پانچ مشتبہ افراد کو پوچھ گچھ کیلئے حراست میں لیا گیا ہے

سرینگر/ ایس این این/ جموں کے آر ایس پورہ میں دو پاکستانی قیدیوں سمیت تین افراد کے فرار ہونے کے بعد دو کو اگرچہ واپس گرفتار کیا گیا تاہم گینگسٹر کی تیز تلاش کے درمیان پانچ مشتبہ افراد کو پوچھ گچھ کیلئے حراست میں لیا گیا ہے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق جموں کے آر ایس پورہ میں دو پاکستانی قیدیوں سمیت تین افراد جس میں ایک مقامی گینگسٹر بھی شامل ہے کی تیز تلاش کے درمیان کم از کم پانچ مشتبہ افراد کو پوچھ گچھ کیلئے حراست میں لیا گیا ہے۔ دونوں پاکستانی شہریوں کو منگل کو ہریانہ کے امبالہ ریلوے اسٹیشن کے قریب واقعے کے 20 گھنٹے کے اندر اس وقت گرفتار کیا گیا جب وہ نیپال جا رہے تھے۔ خیال رہے کہ آر ایس پورہ کے دبلہار کے رہنے والے کرجیت سنگھ عرف گگا اور پاکستانی شہری، محمد ثنا واللہ اور احسن انور نے مبینہ طور پر پولیس اہلکاروں پر حملہ کیا اور 16 فروری کی شام 5 بجے کے قریب جوینائل ہوم سے فرار ہو گئے۔ واقعے میں دو پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔ گینگسٹر کی ایک مبینہ ویڈیو، جس کا تعلق ''خف'' گینگ سے بتایا/ 8

## اُدھم پور جیل میں بند ''منشیات فروش'' کی جائیداد ضبط

### ''ناجائز کمائی'' سے خریدی گئی ایک گاڑی پولیس نے اپنی تحویل میں لی

جموں/ یو این آئی/ منشیات اسمگلنگ کے خلاف جاری جنگ میں جموں و کشمیر پولیس نے ضلع اودھم پور میں ایک منشیات فروش کی لاکھوں روپے مالیت کی منقولہ جائیداد کو ضبط کر دیا۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اودھم پور پولیس نے ایک منشیات فروش کی تقریباً 30 لاکھ روپیوں کی منقولہ جائیداد کو این ڈی پی ایس ایکٹ کی دفعہ 68–ایف کے تحت منسلک کر دیا۔ ملزم کی شناخت اعجاز احمد ڈار ولد عبد الرشید ڈار ساکن گلاب باغ سری نگر کے طور پر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کارروائی این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت درج ایف آئی آر نمبر 28/ 2026 کے سلسلے میں عمل میں لائی گئی۔ ان کا کہنا ہے کہ تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ ملزم جو ایک بدنام زمانہ منشیات فروش ہے، نے منشیات کی غیر قانونی تجارت سے حاصل شدہ رقم سے ایک انووا کرسٹا گاڑی زیر رجسٹریشن نمبر JK01AX–8441 خریدی تھی۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ گاڑی کو این ڈی پی ایس ایکٹ کی دفعہ 68–ایف کے تحت ضبط کر کے مزید قانونی کارروائی کے لئے منسلک کر دیا گیا۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ مزید تحقیقات سے یہ بھی/ 5

## HDFC ''بینک فراڈ'' میں 5 ملازمین کو حراست میں لیا گیا

### شوپیان اور بڈگام میں کرائم برانچ کی اقتصادی ونگ کے چھاپے

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کرائم برانچ کی اقتصادی جرائم ونگ (ای او ڈبلیو) ایچ ڈی ایف سی بینک فراڈ کیس میں شوپیاں اور بڈگام اضلاع میں ایف آئی آر نمبر 30/ 2025 کے سلسلے میں تلاشی کارروائیاں انجام دے رہی ہے اور اس ضمن میں پانچ ملازموں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے کہا کہ یہ مقدمہ آئی ٹی ایکٹ اور بھارتیہ نیائے سنہتا کے متعلقہ دفعات کے تحت پولیس اسٹیشن ای او ڈبلیو کشمیر میں درج کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ معاملہ ایچ ڈی ایف سی بینک کی برانچ یونٹ شوپیاں میں بڑے پیمانے پر مالی بدعنوانی سے متعلق ایک تحریری شکایت کے بعد منظر عام پر آیا۔ ونگ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ پی ایچ کیو جموں و کشمیر کی ہدایت پر اس کیس کو پولیس اسٹیشن شوپیاں سے جامع تحقیقات کے لئے کرائم برانچ جموں و کشمیر کے سپرد کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس کیس میں اب تک بینک کے پانچ ملازموں کو گرفتار کیا جا چکا ہے جن کی شناخت عادل ایوب گنائی ولد محمد ایوب گنائی ساکن میمندر شوپیاں حال حمزہ کالونی باغات کنی پورہ، عرفان مجید زرگر ولد عبدالمجید زرگر ساکن شیخ محلہ بونی گام شوپیاں، مبشر حسین شیخ ولد غلام محمد شیخ/ 6

## سرینگر کا اندرونی حصہ جسے شہر خاص کہا جاتا ہے خستہ سڑکوں سے پریشان

### شہری تجارتی سرگرمیوں میں اضافے، رہائشی پھیلاؤ اور گاڑیوں کی تعداد بڑھنے سے صورتحال مزید سنگین

جموں/ یو این آئی/ سرینگر کے پائین شہر کی خستہ حال سڑکوں کے حوالے سے اسمبلی میں اٹھائے گئے سوال کے جواب میں حکومت نے اعتراف کیا ہے کہ شہر کے پائین علاقے کی رابطہ راستے، جن میں نوشہرہ—صورہ روڈ، سعیدہ کدل—عشائی باغ، دیوی آنگن—حول، علمگیری بازار اور مرزا کامل چوک شامل ہیں، کئی دہائیوں کے بعد بھی کشادہ نہیں ہو سکے اور محدود رائٹ آف وے کے باعث ٹریفک کا بہاؤ مسلسل متاثر ہو رہا ہے۔ حکومت نے تسلیم کیا کہ ان پرانی الائمنٹس کو اُس وقت تیار کیا گیا تھا جب نہ ٹریفک موجودہ سطح پر تھا اور نہ شہری آبادی اتنی زیادہ تھی۔ شہری تجارتی سرگرمیوں میں اضافے، رہائشی پھیلاؤ اور گاڑیوں کی تعداد بڑھنے سے صورتحال مزید سنگین ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں ٹریفک جام، حادثات کے خدشات اور ایمبولنس و فائر سروس جیسے ہنگامی معاملات میں مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ سرکار نے بتایا کہ مذکورہ اہم راہداریوں کی بہتری، کشادگی اور ری ڈیزائننگ کے لیے ابتدائی جائزے مکمل کیے جا چکے ہیں، تاہم جامع توسیع کے لیے بڑے پیمانے پر اراضی کے حصول، تجاوزات کی برطرفی، یوٹیلٹی سروسز کی منتقلی اور بین المحکمہ تعاون درکار ہے۔ کئی اہم مقامات پر زمین کے حصول کا عمل عدالتی معاملات کی وجہ سے التوا میں ہے، جس سے مجموعی پیش رفت متاثر ہوئی ہے۔ نوشہرہ سے صورہ روڈ کے حوالے سے حکومت نے بتایا کہ یہ حصہ پہلے سے منظور شدہ روڈ وائیڈنگ پروگرام کا حصہ ہے۔ نلبل برج کے نزدیک موجود ڈھانچے حاصل کیے جا چکے ہیں جبکہ باقی اراضی و ڈھانچوں کا حصول ہائی لیول کمیٹی میں مذاکرات اور زیر التواعدالتی فیصلوں کے بعد عمل میں لایا جائے گا۔ سعیدہ کدل عشائی باغ روڈ کی کشادگی کے لیے تقریباً 1.75 کلومیٹر حصے کا سروے جاری ہے، جس کے تحت سڑک کو موجودہ 7.5 میٹر سے بڑھا کر 21 میٹر تک کرنے کی تجویز ہے۔/ 9

## رمضان کا چاند نظر آ گیا

### جموں و کشمیر میں آج سے مقدس مہینے کا آغاز ہوگا/ مفتی اعظم

سرینگر/ مفتی اعظم ناصر الاسلام نے بدھ کو اعلان کیا کہ جموں و کشمیر کے کچھ حصوں میں رمضان المبارک کا چاند نظر آ گیا ہے۔ اس اعلان سے پوری وادی میں وضاحت آ گئی جو مغرب کی نماز کے بعد تصدیق کے منتظر تھے۔ نیوز ایجنسی کشمیر نیوز آبزرور (کے این او) سے بات کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ چاند نظر آنے کی تصدیق کرنے والی معتبر شہادتیں موصول ہوئیں اور ان کی تصدیق سرکاری چاند دیکھنے والی کمیٹی نے کی۔ مفتی اعظم نے کہا کہ آج شام کو چاند نظر آنے کے بعد پہلا روزہ جمعرات کو ہوگا۔ کمیٹی، جس/ 12




Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781